نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد کی زیر صدارت زراعت ہاؤس لاہور میں پیسٹی سائیڈز و فرٹیلائزر انسپکٹرز کی ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

جعلی زرعی ادویات وغیر معیاری کھادوں کے کاروبار میں ملوث افراد کو کیفر کردار پہنچانے کے لئے پیسٹی سائیڈز آرڈیننس سے آگاہی لازم ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد

لاہور 23 مئی 2022:( ) جعلی زرعی ادویات وغیر معیاری کھادوں کے کاروبار میں ملوث افراد کو کیفرِ کردار تک پہنچانے کے لئے پیسٹی سائیڈز آرڈیننس 2012 اور 2018 سے آگاہی اور ایسی تربیتی ورکشاپس کا انعقاد انتہائی ضروی ہے تا کہ کسی بھی کیس کی چھان بین قانون کے مطابق میرٹ پر کی جائے اور کورٹ کیس فائل کرتے وقت ان قوانین کو ملحوظِ خاطر رکھا جائے تا کہ اس جُرم میں ملوث عناصر کو قرار واقعی سزا دلوائی جاسکے ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈرز کے انسپکٹرز کی ایک روزہ تربیتی ورکشاپ سے خطاب کے دوران کیا۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) نے مزید کہا کہ کاشتکاروں کو معیاری کھادوں اور زرعی ادویات کی مقررہ نرخوں پر فراہمی یقینی بنانے کے لئے تمام افسران بڑی وچھوٹی مارکیٹوں اور دور دراز کے دیہاتوں میں کھادوں اور زرعی ادویات کی سو فیصد سمپلنگ کو یقینی بنایا جائے گا تا کہ کاشتکاروں کو مقررہ نرخوں پر زرعی ادویات وکھادوں کی فراہمی یقینی بنایا جاسکے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت نے اس موقع پر کہا کہ افسران زرعی ادویات وغیر معیاری کھادوں کے خلاف زیرو ٹالرینس پالیسی پر عمل کریں اور مجوزہ قانون کی شقوں کے مطابق اپنا کام بلاخوف وخطر جاری رکھیں۔پیسٹی سائیڈز قوانین سے مکمل آگاہی نہ ہوتو اس کا فائدہ اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث افراد اٹھا لیتے ہیں اس لئے تمام افسران ایسی تربیتی ورکشاپس میں زیادہ دلجمعی کا مظاہرہ کریں اور کسی بھی شق سے ابہام کی صورت میں اپنے سینئیرز سے فوری مشورہ کریں۔انھوں نے کہا کہ کاشتکاروں کے لئے ایک ایسا نظام کیا ہوا ہے جس میں بذریعہ واٹس ایپ/ایس ایم ایس نمبر 0300-2955539 کے ذریعے شکایات کو درج کروائی جاسکتی ہے۔یہ نمبر تمام کھاد اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز، کمشنر، ڈپٹی کمشنر اور محکمہ زراعت کے دفاتر میں آویزاں کیا جائے تا کہ کاشتکار اس سے آگاہی حاصل کرسکیں اور کسی بھی شکایت کی صورت میں 24 گھنٹے میں اس کا ازالہ کیا جائے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت پیسٹ وارننگ) رانا فقیر احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر (پیسٹ وارننگ) محمد شہباز سمیت تمام انسپکٹرز نے شرکت کی۔

☆☆☆☆